فوری ریلیز کے لیے: 28/9/2022 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

**گورنر HOCHUL کا سینٹ لارنس کاؤنٹی کے ویلیج آف ویڈنگٹن میں گندے پانی کی صفائی کے 11$ ملین لاگت والے منصوبے پر تعمیر شروع کرنے کا اعلان**

***پرانے ہو رہے بنیادی ڈھانچے کی تبدیلی صحتِ عامہ کو محفوظ بنائے گی اور مستقبل میں آنے والے سیلاب کے اثرات کو کم کرے گی***

***ریاست نیویارک کے 300$ ملین کی لچک اور اقتصادی ترقی کی پہل کاری کا جزو***

گورنر Kathy Hochul نے آج گندے پانی کو جمع کرنے اور اس کی صفائی کی سہولیات کی بہتری کے 11$ ملین کے منصوبے پر تعمیر شروع کرنے کا اعلان کیا جو سینٹ لارنس کاؤنٹی کے ویلیج آف ویڈنگٹن کو ریاست کی لچک اور اقتصادی ترقی کی پہل کاری کے ذریعے دیا گیا تھا۔ گندے پانی کو صاف کرنے کے لیے جمع کرنے کا نظام اور صفائی کا پلانٹ ولیج آف ویڈنگٹن کی ملکیت ہیں اور وہی انہیں چلاتا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "سنہ 2019 میں، جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس میں آنے والے تاریخی سیلاب نے پورے خطے کے علاقوں کے بنیادی ڈھانچے اور معیشتوں کو تباہ کر دیا تھا۔ اب، لچک اور معاشی ترقی کی پہل کاری (Resiliency and Economic Development Initiative, REDI) پروگرام کے ذریعے، ویلیج آف ویڈنگٹن جیسے ساحلی علاقے آب و ہوا کی لچک کو ذہن میں رکھتے ہوئے بہتر انداز میں دوبارہ تعمیر کے لیے آگے بڑھنے کا طریقہ استعمال کر رہے ہیں۔ آج اعلان کردہ گندے پانی کو جمع کرنے اور صفائی کی سہولت کے 11$ ملین کے منصوبے جیسی سرمایہ کاری کے ذریعے سیلاب سے بچاؤ کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر اور مضبوط بنا کر، ہم ناصرف علاقہ مکینوں اور املاک کی حفاظت کر رہے ہیں، بلکہ گاؤں کی اہم سیاحتی صنعت کو بھی بچا رہے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے معیار زندگی کو بہتر بنا رہے ہیں"۔

دریائے سینٹ لارنس سے اس کی قربت کی وجہ سے، گندے پانی کی صفائی کے بنیادی ڈھانچے پر پانی کی بلند سطح اور سیلاب سے منفی اثر پڑتا ہے، جس سے دراندازی اور الٹے بہاؤ کے مسائل پیدا ہوتے ہیں جو ویلیج آف ویڈنگٹن میں طوفانی گٹروں کی کمی کی وجہ سے خراب ہو جاتے ہیں۔ یہ منصوبہ پرانے ہو چکے بنیادی ڈھانچے کو موجودہ معیارات کے مطابق لائے گا، صحتِ عامہ کی حفاظت کرے گا اور ممکنہ اقتصادی ترقی کو فروغ دے گا۔ مزید برآں، یہ منصوبہ سیلاب کی لچک کے اقدامات کو نافذ کرے گا جو مستقبل میں زیادہ پانی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

اس منصوبے کے لیے لچکدار اقدامات میں شامل ہیں:

1. زیر زمین پانی کی دراندازی اور پانی کی اونچی سطح سے وابستہ الٹے بہاؤ کو کم کرنے کے لیے چکنی مٹی کی بے استر ٹائلوں سے بنے گندے پانی کو جمع کرنے کے موجودہ فرسودہ نظام کو نئے بڑے پائپوں اور مین ہولز سے تبدیل کرنا؛

2. غیر مطلوبہ طوفانی پانی کو نکاسئ آب کے نظام میں کم کرنے کے لیے مناسب سائز کے نئے طوفانی گٹروں اور کیچ بیسنز کی تعمیر تاکہ جوہڑوں میں لگائے گئے پمپوں، چھتوں کے نکاسئ آب کے راستوں اور علاقے کے نکاسئ آب کے پائپوں سے بہہ کر سطح پر آنے والے اور الٹے بہاؤ کی وجہ سے نکلنے والے پانی کو سنبھالا جائے؛
3. گندے پانی کو جمع کرنے کے پورے نظام میں ساتوں کے ساتوں پمپ سٹیشنوں کے پمپوں کی تبدیلی اور کنٹرول، نئے میٹر، نئے الارم، اور نئی کھڑکیاں، دروازے اور چھتیں لگیں گے؛
4. گندے پانی کو جمع کرنے کے نظام میں مرکزی پمپ سٹیشن میں خودکار ٹرانسفر سوئچ کے ساتھ ایک نیا مستقل ہنگامی جنریٹر شامل ہو گا؛ اور
5. صفائی کے پلانٹ میں بہتری بشمول عمر رسیدہ بنیادی ڈھانچے کی تبدیلی یا مرمت جو صفائی کے عمل کو سیلاب کے واقعات سے بچانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر اور REDI کمیشن کے شریک چیئرمین Basil Seggos نے کہا،** "جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس پر پانی کی سطح میں بڑھتے ہوئے اتار چڑھاؤ نے اہم بنیادی ڈھانچے کو خطرہ لاحق کر دیا ہے، خاص طور پر ساحل کے ساتھ والے علاقوں میں گندے پانی کی صفائی کی سہولیات کو۔ لچک اور اقتصادی ترقی کی پہل کاری کے ذریعے، ریاست نیو یارک کی ایجنسیاں خطرے سے دوچار اثاثوں کی شناخت، دوبارہ تصور، اور تعمیر نو کے لیے علاقوں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔ ان سرمایہ کاریوں کے ذریعے، ریاست نیو یارک مقامی معیشتوں کو مضبوط کر رہی ہے، صحتِ عامہ کی حفاظت کر رہی ہے، رہائش کو بہتر بنا رہی ہے، اور اہم بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کر رہی ہے۔ محکمۂ تحفظِ ماحولیات ( Department of Environmental Conservation, DEC) کو ویلج آف ویڈنگٹن کے ساتھ کام کرنے پر فخر ہے تاکہ ایسے منصوبوں کو آگے بڑھایا جا سکے جو مستقبل میں سیلاب کے واقعات کے لیے اس علاقے کی تیاری میں معاونت کرتے ہیں"۔

**ریاست نیو یارک کی ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن کی صدر اور سی ای او Maureen A. Coleman نے کہا،** "آج کا اعلان گورنر Hochul کے حقیقی حل فراہم کرنے کے عزم کا ثبوت ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں اور شدید موسم کے مقابلے میں ساحلی علاقوں کو ترقی، خوشحالی اور لچک کے لیے تیار رکھتے ہیں۔ ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن (Environmental Facilities Corporation, EFC) اپنے ریاستی شراکت داروں کے ساتھ مل کر اس اہم منصوبے کو جاری رکھنے کے لیے ویلیج آف ویڈنگٹن کو 11$ ملین کی گرانٹ فراہم کرنے پر خوش ہے"۔

**نیو یارک پاور اتھارٹی کے عبوری صدر اور سی ای او اور سینٹ لارنس کاؤنٹی REDI کمشنر Justin E. Driscoll نے کہا،** "پاور اتھارٹی کو نیو یارک کے REDI کمیشن کے اہم بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں بشمول ویڈنگٹن میں گندے پانی کو صاف کرنے کے پلانٹ پر کیے گئے کام پر بے حد فخر ہے۔ اس پلانٹ کی تزئین و آرائش ریاست نیو یارک کی جانب سے صحتِ عامہ کے تحفظ اور ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کے خلاف اہم علاقائی وسائل کی حفاظت میں مقامی علاقوں کی مدد کرنے کے لیے تزویراتی سرمایہ کاری کی ایک اہم مثال ہے"۔

**ریاستی سینیٹر Patty Ritchie نے کہا،** "میں ویلیج آف ویڈنگٹن کے گندے پانی کو جمع کرنے اور علاج کی سہولیات کو بہتر بنانے کی اس کوشش کا سنگِ بنیاد رکھنے جانا دیکھ کر خوش ہوں۔ اس منصوبے کے ذریعے ناصرف بنیادی ڈھانچے کو عناصر سے زیادہ محفوظ طریقے سے محفوظ رکھا جائے گا بلکہ اس کو اس طرح بہتر بھی بنایا جائے گا کہ صحتِ عامہ کی بہتر حفاظت کی جا سکے۔ اس کے علاوہ، ہم سب جانتے ہیں کہ ٹھوس، قابلِ اعتماد بنیادی ڈھانچہ اقتصادی سرگرمیوں کی کلید ہے اور اس قسم کی بہتری سے علاقے میں ترقی کی حوصلہ افزائی میں مدد ملے گی"۔

**رکنِ اسمبلی Mark Walczyk نے کہا،** "یہ گندے پانی اور نکاسئ آب کے بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ ویڈنگٹن کے لیے کافی عرصے سے چلا آ رہا ہے اور ریاست کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہو گا"۔

**سینٹ لارنس کاؤنٹی کے چیئرمین William Sheridan نے کہا،** "دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ تازہ ترین REDI منصوبہ ویڈنگٹن میں گندے پانی کی صفائی اور طوفان کے پانی کو جمع کرنے کا پلانٹ ہے۔ یہ ایک اہم بنیادی

ڈھانچے کا منصوبہ ہے جو ایک بڑھتی ہوئی آبادی کی پائیداری کو بہتر بنائے گا۔ دریا کے کنارے کے اس علاقے کو ان کے پلانٹ کی بہتری میں 11$ ملین سے زبردست فائدہ ہو گا جو کاؤنٹی میں آبی ذخائر میں سے ایک سے ملحق ہے۔ ہم گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے REDI پہل کاریوں کی مسلسل حمایت کی جس سے بہت سارے علاقوں کو فائدہ ہوتا ہے کیونکہ وہ نقصان سے نکل کر مستقبل کی تیاری کر رہے ہیں"۔

**ویلیج آف ویڈنگٹن کے میئر Mike Zagrobelny نے کہا،** "ویلیج آف ویڈنگٹن کے میئر کے طور پر، میں آنے والی نسلوں کے لیے ویڈنگٹن کے بنیادی ڈھانچے کو محفوظ بنانے میں اہم مدد کے لیے گورنر Hochul اور REDI کمیشن کا شکر گزار ہوں۔ ریاست کا عزم گاؤں کو ویڈنگٹن کے گندے پانی کی صفائی اور جمع کرنے کے نظام کے پہلے مرحلے میں آگے بڑھنے کے قابل بناتا ہے، اور طوفان کے پانی کو جمع کرنے کے نظام کو اپ گریڈ کرتا ہے۔ زیادہ تر نظام تقریباً 100 سال پرانا ہے اور یہ ویڈنگٹن کو دریائے سینٹ لارنس میں پانی کی سطح میں ہونے والی تبدیلیوں کے لیے مزید لچکدار بنائے گا جبکہ گاؤں کے بنیادی ڈھانچے اور قدرتی رہائش کے درمیان نازک توازن کو برقرار رکھے گا۔ میں خاص طور پر ماضی کے اور موجودہ ویلیج بورڈ کے اراکین، ویلیج اسٹاف، مقامی ٹھیکیداروں، اور ریاست نیو یارک کی ایجنسیوں کا اس منصوبے کو حقیقت بنانے میں مدد کرنے کے لیے شکر گزار ہوں"۔

جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلوں کے ساتھ سیلاب کے بڑھے ہوئے انداز کے جواب میں، ریاست نیویارک نے ساحلی علاقوں کی لچک کو بڑھانے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو تقویت دینے کے لیے REDI قائم کیا تھا۔ REDI کی پانچ علاقائی منصوبہ بندی کمیٹیاں، جن میں آٹھ کاؤنٹیاں (نیاگرا اور اورلینز، مونرو، وائین، کایوگا اور آسویگو، اور جیفرسن اور سینٹ لارنس) کے نمائندے شامل تھے، مقامی ترجیحات، خطرے سے دوچار بنیادی ڈھانچے اور دیگر اثاثوں، اور عوامی حفاظتی خدشات کی نشاندہی کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ REDI کے ذریعے، ریاست نے علاقوں کو فائدہ پہنچانے اور جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ سیلاب زدہ علاقوں میں لچک کو بہتر بنانے کے لیے 300$ ملین تک کا وعدہ کیا ہے۔

موسمِ بہار 2019 میں ریاست کے REDI پروگرام کی تشکیل کے وقت سے، REDI کے فنڈ کردہ 134 مقامی اور علاقائی پروجیکٹس زیر تکمیل ہیں یا مکمل ہو چکے ہیں، بشمول 51 پروجیکٹس تیاری کے مراحل میں ہیں، 40 پروجیکٹس تعمیراتی مرحلے میں ہیں، اور 43 پروجیکٹس مکمل ہو گئے ہیں۔

اضافی معلومات، پروجیکٹ پروفائل اور REDI خبروں کے لیے، یہاں کلک کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418